ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (304)

مورخہ 31.05.24

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آ جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر بہاولپور، سٹی وصدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کوڑا، عدیل، پطرس وکٹر اور منور کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 195 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائینز، سٹی یزمان اور تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے 03 ملزمان عرفان، غفور اور عدنان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 860 گرام چرس اور 200 گرام افیون برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 03 ملزمان فاروق، عامر اور رضوان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((305

31.05.24

## بہاول پور(      )ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد وامام بارگاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں